27/04/2025

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عمر مختار سے خبریں سُنئے

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام" من کی بات" میں ملک اور بیرون ملک لوگوں سے اپنے خیالات سانجھا کئے۔ انہوں نے پہلگام میں ہوئے دہشت گرد حملے پر انتہائی صدمے کا اظہار کر تے ہوئے کہا کہ ملک کاہر شہری مغموم ہے۔

انہوننے بتایا کہ دہشت گردوں نے یہ حملہ اُس وقت انجام دیا جب جمونو کشمیر تعمیر و ترقی کی نئی بلندیوں کو چھو رہا تھا، نوجوان روزگار کے نئے وسائل سے ہمکنار ہو رہے تھے اور سیاحوں کی ریکارڈ توڑ تعداد جمونو کشمیر وارد ہو رہی تھی۔وزیر اعظم نے کہا کہ دہشت گردوں نے اس حملے سے اپنے بزدلی کا اظہار کیا ہے۔ انہوننے مزید کہا۔

NIA

نے باضابطہ طور پر پہلگام حملے کی تحقیقات ہا تھ میں لی ہے۔ NIAوزارت داخلہ کی ہدایت پر ایجنسی کے آئی جی ، ڈی آئی جی اور ایس پی رینک کے افسران کی Anti Terror اس ضمن میں نگرانی میں تحقیقاتی ٹیم پہلگام حملے کے عینی شواہد سے معلومات اکٹھا کررہی ہے تاکہ حملے کے پیچھے سازش کرنے والے ملک دشمن عنصر کو بے نقاب کیا جا سکے۔

سمارٹ سٹی

ڈاکٹر اویس احمد نے سرینگر سمارٹ سٹی مشن کے CEOسرینگر سمارٹ سٹی لمیٹیڈ کے انٹگریٹڈ کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کا دورہ کرکے وہاں انٹیلجنٹ ٹریفک منیجمنٹ سسٹم کے کام کاج کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ کنٹرول سینٹر کے کام کاج پر باریکی سے نظر رکھیں اور بہتری کے مزید مواقعے تلاش کرے تاکہ کنٹرول سینٹر کے آپریشنز کو موثر بنایا جا سکے۔

لیگل سروسز

Nalsa Legal ڈسڑکٹ لیگل سروسز اتھارٹی شوپیان نے محکمہ تعلیم کے باہمی اشتراک سے سکیم 2016کے تعلق سے گورنمنٹ ہائر سکنڈری Service to victims of acid attack سکول شوپیان میناپک بیداری پروگرام منعقد کیا۔ اس موقعے پر لیگل سروسز اتھارٹی شوپیان کے سیکریٹری نے تیز اب حملوں سے متاثرہ خواتین کو قانونی امداد فراہم کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔

کرشی وگیان

کرشی وگیان کیندر گریز کے زیر اہتمام ایک ہفتہ طویل تربیتی پروگرام کل اختتام پذیر ہوا۔ جس کو کاشتکاری کے قدرتی اور کمیکل کے Krishi Sakhis میں داور، بھگتور اور تلیل کے تیس استعمال سے مبرہ طریقوں کی تربیت دی گئی۔ اس موقعے پر چیف ایگریکلچر آفیسر بانڈی پورہ Krishi نے زمینی سطح پر قدرتی زرعی سرگرمیوں کو عملانے اور انہیں فروغ دینے میں کے رول کو اُجاگر کیا۔ Sakhis

یاترا

شری امر نا تھ جی یاترا2025 کے احسن انعقاد کو یقینی بنانے کی خاطر ڈپٹی کمشنر گاندربل جَتِن کشور نے بال تل کے بنیادی کیمپ کا دورہ کیا اور یاترا سے متعلق تمام ضروری انتظامات کو بروقت مکمل کرنے کی ہدایت دی۔ انہوننے افسران پر زور دیا کہ وہ پائپ لائنوں کی ضروری مرمت ، سیلابی صورتحال سے نمٹنے اور بیت الخلاءجیسی سہولیات قائم کرنے کے علاوہ پارکنگ اور دیگر لازمی انتظامات کے تعلق سے ضروری اقدامات کریں۔

شجر کاری

اربن فارسٹری ڈویژن سرینگر نے قومی مہم” ایک پیڑ ماں کے نام“ کے تحت زبرون پہاڑیوں پر شجر کا ری نیز صفائی مہم منعقد کی۔ اس موقعے پر تقریباً200طلباءنے مہم میں شرکت کرکے 250 کانیفر درخت لگائے اور پالیتھین کے کچرے کو مناسب طور پر ٹھکانے لگایا۔

کپواڑہDC

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ آیوشی سودن نے ایک میٹنگ کے دوران ضلع بھر کی آبپاشی نہروں کی صفائی کے تعلق سے کئے جا رہے اقدامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے موسم گرما کے دوران آبپاشی کی ضروریات کو پورا کرنے کےلئے بر وقت نہروں کی صفائی پر زور دیا۔ انہوں نے متعلقہ

عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ انتہائی اہمیت والی نہرو نکی نشاندہی کریں تاکہ انکی بحالی کے تعلق سے ضروری اقدامات کئے جائیں۔

دیہی ترقی

آواس یوجنا گرامین کے تحت ایک PM محکمہ دیہی ترقی نے گورنمنٹ ڈگری کالج بارہمولہ میں روزہ ضلع سطحی ورکشاپ منعقد کیا۔ جس میں متعلقہ فیلڈ افسران اور متعلقین کو سکیم کی موثر عمل آوری کو یقینی بنانے کےلئے کلیدی جانکاری فراہم کی گئی۔ اس موقعے پر ڈپٹی کمشنر بارہمولہ نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ ضلع کے تمام مستحقین کو سکیم کے دائرے میں شامل کریں تاکہ سکیم کے اصل مقصد کو حاصل کیا جا سکے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

....

....

....

...